

# کرسمس کی خوشی
# اور اطمینان
# آپ پر ہو!

Open Book Ministries
obm@generalmail.com
www.openbookministries.org



# کرسمس مُبارک




## مجُوسی



ان بڑے عالموں یعنی مجوسیوں نے لمبا سفر شروع کیا۔ ستارہ اُن کے آگے آگے گیا۔ مجوسی اُس کے پیچھے چلتے گئے۔ آخر میں ستارہ اُس جگہ کے اوپر ٹھہر گیا جہاں حضرت یسوع المسیح موجود تھے۔ مجوسیوں نے اُس گھر کے اندر جا کر بی بی مریم اور بچے کو دیکھا۔ وہ نہایت خوش ہو گئے اور حضرت یسوع المسیح کے آگے گر کر سجدہ کیا۔ انہوں نے اپنے ڈبے کھول کر خاص اور مہنگے تحفے اُن کو دیئے۔



## حضرت یوسف



بی بی مریم کی منگنی ایک نیک شخص سے ہوئی تھی جن کا نام حضرت یوسف تھا۔ جب انہوں نے سنا کہ بی بی مریم حاملہ ہیں تو وہ پریشان ہو گئے اور انہیں چھوڑنے کا ارادہ کیا۔ پھر خدا کے فرشتہ نے انہیں خواب میں کہا ”بی بی مریم سے شادی کرنے سے نہ ڈر کیونکہ جو بچہ اُس کے پیٹ میں ہے وہ خدا کی قدرت سے ہے۔ اُس کے بیٹا ہوگا اور تو اُس کا نام یسوع رکھنا کیونکہ وہی اپنے لوگوں کو اُن کے گناہوں سے نجات دے گا۔“ اب حضرت یسوع المسیح کی زندگی کا مقصد بھی ظاہر ہوگیا۔



## خوش خبری کا شروع

یہ کیسا واقعہ ہے! فرشتے، خواب، ایک نیا ستارہ، ایک غریب کنواری اور اُس کا منگیتر، امیر و غریب، تعلیم یافتہ اور ان پڑھ، یہ سب مل کر اِس معجزانہ پیدائش پر روشنی ڈالتے ہیں۔ قادر مطلق خدا کی پیش گویاں پوری ہو گیئں۔ حضرت یسوع المسیح کے آنے کے مقصد کا اعلان ہو گیا۔








## فرشتہ

خدا نے خاص فرشتہ حضرت جبرائیل کو کنواری بی بی مریم کے پاس بھیجا۔ اُس نے بی بی مریم سے کہا ”سلام۔ تجھ پر فضل ہوا ہے۔ تو حاملہ ہوگی اور تیرے بیٹا ہوگا۔ اُس کا نام یسوع رکھنا (عربی میں عیسیٰ)۔ وہ بزرگ ہوگا اور ابد تک بادشاہی کرے گا اور اُس کی بادشاہی کا آخر نہ ہوگا۔“



## طوُمار


یہ سب کچھ اِس لئے ہوا کہ جو خداوند نے نبیوں کی معرفت کہا تھا وہ پورا ہو:














اُس ہستی کا بیان حیران کن تھا۔ وہ نبیوں سے مختلف ہونگے۔ فرشتہ نے کہا کہ اُن کا نام عمانوایل رکھنا جس کا مطلب ”خدا ہمارے ساتھ ہے“۔



## چرواہے اور بھیڑیں



شہر بیت لحم سے باہر میدان میں کچھ چرواہے رات کو اپنی بھیڑوں کی نگہبانی کر رہے تھے۔ اچانک ایک فرشتہ اُن کے سامنے آ کھڑا ہوا اور خداوند کا جلال اُن کے چوگرد چمکا۔ چرواہے نہایت ڈر گئے۔ مگر فرشتہ نے اُن سے کہا ”ڈرومت۔ میں تمہیں بڑی خوشی کی خبر دیتا ہوں جو سارے لوگوں کے واسطے ہوگی۔ آج بیت لحم میں تمہارے لئے ایک نجات دینے والا پیدا ہوا ہے۔ یہ وہی ہے جس کو خدا نے دنیا پر بادشاہی کرنے کیلئے مقرر کیا ہے یعنی مسیح خداوند۔“


# شہر بیت لحم



اُس علاقے کے شہنشاہ نے حکم جاری کیا کہ مردمِ شماری کی جائے۔ ہر ایک شخص اپنا نام لکھوانے کیلئے اپنے باپ دادا کے شہر کو جانے کو تھا۔ بی بی مریم اور حضرت یوسف بھی اپنے شہر بیت لحم کو گئے۔ اُس وقت بچے کی پیدائش ہونے والی تھی۔ رہائش گاہ میں کوئی خالی کمرہ نہ تھا لیکن اُن کو جانوروں کے اُصطبل میں جگہ ملی۔ وہیں وہ خاص بچہ یعنی حضرت یسوع المسیح پیدا ہوا۔ بی بی مریم نے انہیں اچھی طرح کپڑوں میں لپیٹ کر چرنی میں رکھا، جس میں جانوروں کا چارہ رکھا جاتا ہے۔



# روشن ستارہ



جب حضرت یسوع المسیح پیدا ہوئے تو آسمان میں ایک نیا ستارہ نظر آیا۔ چند آدمیوں نے جو مشرق میں ستاروں کے عالم تھے یہ نئی روشنی دیکھی۔ انہوں نے خدا کی طرف سے ایک خاص نشان پہچان لیا کہ ایک خاص بادشاہ پیدا ہو گیا ہے۔ ایسا بادشاہ جس کو بڑی عزت دینے اور جس کی پرستش کرنے کی ضرورت ہے۔




دنیا کے
کروڑوں لوگ
کرسمس 25 دسمبر کو مناتے
ہیں۔ کیسے؟ بڑا کھانا، کرسمس درخت،
کرسمس بابا، چمکدار روشنیاں، تحفے، سجاوٹ،
ایک بچہ جو چرنی میں ہے، وغیرہ۔ یہ کتنا عجیب
مجموعہ ہے! اِس کا کیا مطلب ہے؟ کیا یہ صرف
ایک ثقافتی تہوار ہے یا خدا کے ایک سچے واقعہ کی یاد
دہانی ہے؟

کرسمس عیدِولادت حضرت یسوع (عیسیٰ) المسیح ہے جو مسیحیوں کی بڑی عید ہے۔ وہ 2 ہزار سال پہلے پیدا ہوئے۔ اِس کے بعد بہت مختلف رسوم بن گئیں۔ لیکن اصلی باتیں کیا ہیں؟ یہاں کرسمس کے اصلی واقعات پیش کئے گئے ہیں جیسے انجیلِ مقدس میں لکھا ہے۔

# ؟ ؟ ؟


اب میری زندگی میں حضرت یسوع المسیح کی پیدائش کے کیا معنی ہیں؟ کیا واقعی یہ وہ بچہ ہے جو ہمیں گناہ کی گرفت سے نکال سکتا ہے؟ کیا یہ موت کا زور ختم کر سکتا ہے؟ یہ کون ہے؟ جب وہ بڑے ہو گئے تب انہوں نے اپنے بارے میں کیا کہا؟ ہمیں تفصیل کیلئے انجیلِ مقدس کو پڑھنا چاہیئے۔




یہ ساری باتیں انجیلِ مقدس سے ہیں:
متی اور لوقا کے پہلے 2 ابواب میں۔

☆ urdugeoversion.com
☆ free app: urdugeoversion

# فرشتے



ایک دم اُس فرشتہ کے ساتھ آسمانی لشکر کا ایک گروہ ظاہر ہوا۔ انہوں نے خدا کی حمد کر کے کہا ”عالمِ بالا پر خدا کی تمجید ہو اور زمین پر اُن لوگوں میں جن سے وہ راضی ہے صُلح“۔



# چرنی

جب فرشتے واپس آسمان پر چلے گئے تو چرواہے جلدی سے بیت لحم گئے۔ انہوں نے بی بی مریم اور حضرت یوسف کو دیکھا اور اُس بچہ کو بھی جو چرنی میں پڑا ہوا تھا۔ یہ سب کچھ جو انہوں نے دیکھا بہت سے اور لوگوں کو بھی بتایا۔





# بی بی مریم

بی بی مریم بہت گھبرا گئیں اور نہ سمجھیں۔ انہوں نے پوچھا ”یہ کیسے ہوگا جب کہ میں مرد کو نہیں جانتی؟“

فرشتہ نے جواب دیا ”خدا کا روح تجھ پر نازل ہوگا اور خدا تعالےٰ کی قدرت تجھ پر سایہ ڈالیگی اور اِس سبب سے وہ مولودِ مقدس خدا کا بیٹا کہلائے گا۔“



اب بی بی مریم پر یہ حقیقت کھل گئی۔ یہ بیٹا جسمانی تعلق سے نہیں ہوگا۔ یہ روحانی تعلق کا بیان ہے۔



# تحفے

جیسے مجوسیوں نے تحفے دئے ویسے ہی کرسمس پر لوگ ایک دوسرے کو تحفے دیتے ہیں۔ حضرت یسوع المسیح پر ایمان رکھنے والے خدا کی بخشش یاد رکھتے ہیں کہ اُس نے انسان کو ایک نجات دینے والا دیا جو ہمیں گناہ، بُرائی اور خوف کی دلدل سے نکال سکتا ہے۔



